69

آیات نمبر 190 تا 200 میں اس حقیقت کا بیان کہ اس کائنات کی ہر چیز اللہ کی قدرت و حکمت کی
نشانی ہے اور ان پر غور کرنے والے اللہ کو پہچان لیتے ہیں نیز یہ وضاحت کہ حق کے خلاف زور لگانے
والوں کی مہلت بہت جلد ختم ہو جائے گی اور ان کا آخری ٹھکانہ جہنم ہو گا۔ آخر میں اہل ایمان کو
جنت کی بشارت اور ثابت قدم رہنے کی تلقین

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَ النَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی
الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ۚۙ الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَ
یَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِۚ بیشک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور
رات دن کے آگے پیچھے آنے میں عقلِ سلیم رکھنے والے ان لوگوں کے لئے بہت نشانیاں
ہیں جو کھڑے اور بیٹھے اور اپنے پہلوؤں پر لیٹے ہر حال میں اللہ کو یاد کرتے رہتے ہیں اور
آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں غور و فکر کرتے ہیں رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًاۚ
سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ اور کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! تو نے یہ سب کچھ
فضول اور بے مقصد نہیں بنایا، تو ہر عیب سے پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا
لے رَبَّنَاۤ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَیْتَهٗؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ
اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ اے ہمارے رب! بیشک جسے تو نے جہنم میں ڈال دیا تو در حقیقت تُو نے اسے
رسوا ہی کر دیا، اور پھر ایسے ظالموں کا کوئی بھی مددگار نہ ہو گا رَبَّنَاۤ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا
یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ﳓ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ
عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَ تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ۚ اے ہمارے رب! ہم نے ایک پکارنے والے
کو سنا جو ایمان کی دعوت دے رہا تھا کہ اے لوگو! اپنے رب پر ایمان لاؤ، سو ہم ایمان لے
آئے، اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہماری سب خطاؤں کو معاف فرما

دے اور ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ کیجئے رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَ
لَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ اے ہمارے رب! ہمیں وہ
سب کچھ عطا فرما جس کا تو نے ہم سے اپنے رسولوں کے ذریعے وعدہ فرمایا ہے اور ہمیں
قیامت کے دن رسوائی سے بچالے، بیشک تو اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا فَاسْتَجَابَ
لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَاۤ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ
مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمالی اور فرمایا کہ یقیناً میں تم میں سے
کسی محنت کرنے والے والے کی محنت ضائع نہیں کرتا خواہ مرد ہو یا عورت، تم سب ایک
دوسرے سے ہی ہو فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِيْ
سَبِيْلِيْ وَ قٰتَلُوْا وَ قُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ لَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ
الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ پس جن لوگوں نے اللہ کے لئے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکالے گئے
اور میری راہ میں ستائے گئے اور انہوں نے جہاد کیا اور شہید کئے گئے تو میں ضرور ان کے
گناہ معاف کردوں گا اور انہیں یقیناً جنت کے ان باغات میں داخل کروں گا جن کے نیچے
نہریں بہتی ہوں گی، یہ اللہ کی جانب سے ان کا اجر ہے، اور بہترین اجر تو اللہ ہی کے پاس ہے
لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ اے پیغمبر (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم)! کافروں کا
شہر بہ شہر اس طرح گھومنا پھرنا آپ کو کسی دھوکہ میں نہ ڈال دے مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۫ ثُمَّ
مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ بِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ یہ چند دنوں کا فائدہ ہے، پھر ان کا آخری ٹھکانا
دوزخ ہوگا، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے اس دنیاوی زندگی میں مال و دولت اور نعمتوں کا

حاصل ہو جانا کامیابی نہیں ہے، اصل کامیابی جہنم سے نجات اور جنت کا حصول ہے لٰکِنِ
الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا رَبَّهُمۡ لَهُمۡ جَنّٰتٌ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا
نُزُلًا مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ‌ؕ وَمَا عِنۡدَ اللّٰهِ خَيۡرٌ لِّلۡاَبۡرَارِ ﴿۱۹۸﴾ لیکن جو لوگ اپنے رب
سے ڈرتے رہے ان کے لئے جنت میں ایسے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، وہ
ان باغات میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، یہ اللہ کی طرف سے ان کی مہمانی ہو گی اور نیک
لوگوں کے لئے جو کچھ بھی اللہ کے پاس ہے وہی سب سے اچھا ہے وَاِنَّ مِنۡ اَهۡلِ
الۡكِتٰبِ لَمَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ وَمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِمۡ خٰشِعِيۡنَ
لِلّٰهِ ۙ لَا يَشۡتَرُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيۡلًا‌ؕ اور بیشک اہلِ کتاب میں کچھ لوگ ایسے
ضرور ہیں جو اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو تمہاری طرف
نازل کی گئی ہے اور اس پر بھی جو ان کی طرف نازل کی گئی تھی اور ان کی حالت یہ ہے کہ وہ
اللہ کے آگے عاجزی کرتے رہتے ہیں اور اللہ کی آیتوں کے عوض قلیل معاوضہ نہیں لیتے
اُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ یہ وہ لوگ
ہیں جن کا اجر ان کے رب کے پاس موجود ہے، بیشک اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہے
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اصۡبِرُوۡا وَصَابِرُوۡا وَرَابِطُوۡا قف وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمۡ
تُفۡلِحُوۡنَ ع ﴿۲۰۰﴾ اے ایمان والو! مصائب پر صبر کرو اور دشمن کے مقابلہ میں ثابت قدم رہو
اور خدمت دین اور جہاد کے لئے خوب مستعد رہو، اور ہمیشہ اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم دنیا
اور آخرت میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکو ۔ کہ اس زندگی کا اصل مقصد جہنم سے
نجات اور جنت کا حصول ہے رکوع [۲۰]

[# 69]

Verses 190 to 200, emphasize that everything in this universe is a sign of the power and wisdom of Allah and those who meditate on them recognize Allah. Explanation that the respite of those who insist against the truth will end very soon, and their last abode will be hell. Finally, the good news of Paradise to the believers and exhortation to show patience.

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ اخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَ
النَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِیۡنَ یَذۡکُرُوۡنَ اللّٰهَ
قِیٰمًا وَّ قُعُوۡدًا وَّ عَلٰی جُنُوۡبِهِمۡ وَ یَتَفَکَّرُوۡنَ فِیۡ خَلۡقِ
السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۚ

Indeed, in the creation of the heavens and the earth and the alternation of night and the day are signs [of Allah's creative power] for the people of wisdom. Those who remember Allah while standing, sitting, or lying on their sides and think deeply about the creation of the heavens and the earth.

رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبۡحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ
النَّارِ ﴿١٩١﴾

They say, 'Our Lord, you did not create all this without purpose; Glory be to you. Save us from the punishment of the Fire.

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنۡ تُدۡخِلِ النَّارَ فَقَدۡ اَخۡزَيۡتَهٗ ؕ وَ مَا
لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ اَنۡصَارٍ ﴿١٩٢﴾

Our Lord, indeed, whomever You admit to the Fire - You have disgraced him. And for the wrongdoers, there will be no helpers.

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعۡنَا مُنَادِيًا يُّنَادِىۡ لِلۡاِيۡمَانِ اَنۡ اٰمِنُوۡا
بِرَبِّكُمۡ فَاٰمَنَّا ۖ

Our Lord, indeed, we have heard a caller [Muhammad] calling to faith, [saying] 'Believe in your Lord,' so we have believed.

رَبَّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَكَفِّرۡ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ
الۡاَبۡرَارِ ۚ﴿۱۹۳﴾

Our Lord, forgive us of our sins, and absolve us of our misdeeds, and take our soul while we are among the righteous.

رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَ لَا تُخْزِنَا يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾

Our Lord! grant us what You promised us, through Your messengers, and do not disgrace us on the Day of judgment. Indeed, You do not go against Your promise.

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَاۤ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ
مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ

Thus, their Lord answered them: I do not waste the work of any worker among you, whether male or female, you are from one another.

فَالَّذِيۡنَ هَاجَرُوۡا وَ اُخۡرِجُوۡا مِنۡ دِيَارِهِمۡ وَ اُوۡذُوۡا فِىۡ
سَبِيۡلِىۡ وَ قٰتَلُوۡا وَ قُتِلُوۡا لَاُكَفِّرَنَّ عَنۡهُمۡ سَيِّاٰتِهِمۡ وَ
لَاُدۡخِلَنَّهُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ‌ۚ ثَوَابًا مِّنۡ
عِنۡدِ اللّٰهِ‌ؕ وَ اللّٰهُ عِنۡدَهٗ حُسۡنُ الثَّوَابِ‏ ﴿۱۹۵﴾

So those who emigrated, [for the sake of Allah], and who were expelled from their homes, and who suffered in My cause, and who fought and were killed -- I will surely absolve them of their misdeeds, and I will surely admit them to gardens beneath which rivers flow. This is a reward from Allah, and with Allah is the most excellent reward.

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿١٩٦﴾ؕ

And do not be deceived, by the [unrestrained] movement of the disbelievers, throughout the land.

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۗ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ بِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٩٧﴾

[It is but] a small enjoyment; then their [final] abode is Hell, what an awful resting place.

Success in this worldly life, wealth, and worldly pleasures is not true success. Real success is salvation from Hell and the attainment of Paradise.

لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا
الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ
خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ۝١٩٨

But those, who feared their Lord, will have gardens, beneath which rivers flow, where they will live forever—and a warm welcome from Allah. And what is with Allah, is best for the righteous.

وَ اِنَّ مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ لَمَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَ مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ وَ مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِمۡ خٰشِعِيۡنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشۡتَرُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ

And indeed, among the People of the Scripture, are those who believe in Allah, and what was revealed to you, and what was revealed to them, they are humbly submissive to Allah. They do not sell the verses of Allah for a small price.

اُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾

Those will have their reward with their Lord [in full]. Indeed, Allah is swift in reckoning.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اصۡبِرُوۡا وَ صَابِرُوۡا وَ رَابِطُوۡا ۟ وَ
اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ۝۲۰۰ رکوع[۲۰]

O you who believe! Be patient and excel in patience. Be alert and vigilant, and fear Allah, so that you may be successful.